الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 24 جون 2022 اسلام آباد

قومی و صوبائی اسمبلیوں کی حلقہ بندیوں کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ حلقہ بندی شیڈول کےمطابق اس وقت اعتراضات و سفارشات جمع کرنے کے سلسلہ جاری ہے جس میں 24 جون 2022 تک 130 اعتراضات و سفارشات جمع کرائے گئے ہیں پنجاب میں 91 ، سندھ 17 ،خیبر پختونخوا 12 اور بلوچستان میں 10 جمع کرائی گئی ہیں ۔ یکم جون 2022 سے اعتراضات وسفارشات جمع کرانے کا سلسلہ شروع ہوا تھا اور یہ 30جون 2022تک جاری رہے گا۔

یکم جولائی 2022سے 30جولائی تک الیکشن کمیشن میں تمام اعتراضات و سفارشات پر سماعت اور فیصلے کئے جائیں گے۔